# سمعی مہارت کی مشقیں

## مشق 25

### متن

عثمان کا گھر ساحل سمندر کے قریب ہے۔ عثمان اور ان کے دادا اکثر ساحلِ سمندر جاتے ہیں۔ وہ اپنی کار پر جانے کے بجائے سائیکل چلاتے ہوئے جاتے ہیں۔ دادا جان ایک نوجوان کی طرح دیر تک سائیکل چلا سکتے ہیں لیکن وہ بہت آہستہ سائیکل چلاتے ہیں۔ عثمان کبھی کبھار بہت تیز سائیکل چلاتے ہیں جس پر دادا جان انہیں ٹوکتے ہیں۔ تیز رفتاری سے حادثے کا خطرہ ہوتا ہے۔ وہ دونوں تقریباً ایک گھنٹے تک سائیکل چلانے کے بعد گھر واپس آجاتے ہیں۔ گھر پر امی کوئی پھل یا پھل کا رس انہیں دیتی ہیں تاکہ ورزش کے بعد ان میں دوبارہ توانائی آجائے۔ ورزش کرنا اچھا عمل ہے اور سائیکل چلانا بہترین ورزش ہے۔

### سوالات

**سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (10)**

عثمان کا گھر______ سمندر کے قریب ہے۔ عثمان اور ان کے دادا ______ ساحلِ سمندر جاتے ہیں۔ وہ اپنی کار پر جانے کے بجائے سائیکل _______ ہوئے جاتے ہیں۔ دادا جان ایک _______ کی طرح دیر تک سائیکل چلا سکتے ہیں لیکن وہ بہت _______ سائیکل چلاتے ہیں۔ عثمان کبھی کبھار بہت تیز سائیکل چلاتے ہیں جس پر دادا جان انہیں _______ ہیں۔ تیز رفتاری سے حادثے کا _______ ہوتا ہے۔ وہ _______ تقریباً ایک گھنٹے تک سائیکل چلانے کے بعد گھر واپس آجاتے ہیں۔ گھر پر امی کوئی پھل یا پھل کا _______ انہیں دیتی ہیں تاکہ ورزش کے بعد ان میں دوبارہ توانائی آجائے۔ _______ کرنا اچھا عمل ہے اور سائیکل چلانا بہترین ورزش ہے۔

**سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے۔ (10)**

۱۔ عثمان کا گھر ساحل سمندر کے ______ ہے۔

نزدیک　　　قدیم　　　قریب

۲۔ وہ اپنی کار پر جانے کے بجائے _______ چلاتے ہوئے جاتے ہیں۔

رکشہ　　　گاڑی　　　سائیکل

٣۔ دادا جان ایک ______ کی طرح دیر تک سائیکل چلا سکتے ہیں۔

جوان نوجوان بچے

۴۔ عثمان کبھی کبھار بہت _____ سائیکل چلاتے ہیں۔

ریس تیز ہلکے

۵۔ دادا جان انہیں _____ ہیں۔

روکتے ٹوکتے بولتے

٦۔ تیز رفتاری سے ______ کا خطرہ ہوتا ہے۔

سامنے گرنے حادثے

٧۔ وہ دونوں _______ ایک گھنٹے تک سائیکل چلانے کے بعد گھر واپس آجاتے ہیں۔

شاید تقریباً پورے

٨۔ تاکہ ورزش کے بعد ان میں دوبارہ ______ آجائے۔

توانائی جوش ہمت

٩۔ ورزش کرنا اچھا _____ ہے۔

کام شغل عمل

١٠۔ سائیکل چلانا ______ ورزش ہے۔

اچھی بہترین مشکل

## سننے کی مشق کے بعد بات چیت

کیا آپ اپنے دادا یا دادی کے ساتھ وقت گزارتے ہیں؟

آپ کو ان کی کون سی عادت یا بات پسند ہے؟

***************************************